سوال

اگر کوئی شخص اپنی بیوی یا بیوی اپنے خاوند پر لعنت کرے تو کیا شادی کے اعتبار سے ایک دوسرے پر حرام ہو جاتے ہیں ؟

جواب

الحمد للہ

لعنت کرنے پر دونوں ہی ایک دوسرے پر حرام نہیں ہو جاتے، اور نہ ہی اس سے طلاق واقع ہوتی ہے، لیکن خاوند کا بیوی پر اور بیوی کا خاوند پر لعنت کرنا کبیرہ گناہ ہے اس سے دونوں کو توبہ کرنی واجب ہے، اور انہیں اس سے استغفار کرتے ہوئے ایک دوسرے سے معافی مانگنی چاہیے

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے

اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے " انتہی